انڈیا
INS
INDIA
WORLD'S NO-1-URDU NEWS AGENCY

نیپال کا وزیراعظم منتخب ہونے پر وزیراعظم کی سشیل کوئرالا کو مبارک باد

نئی دہلی: 11 فروری (آئی این ایس انڈیا)

ہندوستان کے وزیراعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ نے سشیل کوئرالا کو نیپال کا وزیراعظم منتخب ہونے پر مبارک باد دی ہے۔ اپنے ایک پیغام میں ڈاکٹر منموہن سنگھ نے کہا بحیثیت وزیراعظم مسٹر کوئرالا کا انتخاب نیپال میں سیاسی منتقلی میں جمہوری فوائد کو یکجا کرنے میں اہم سنگ میل کی نمائندگی ہے۔

وزیراعظم کے تہنیتی پیغام کا حوالہ مندرجہ ذیل ہے:

آپ ایک انتخابی سیاسی تبدیلی کے عمل کے دوران نیپال کے سب سے بڑے عہدے 'وزیراعظم' منتخب ہونے پر ''حکومت، ہندوستانی عوام اور میری جانب سے دلی مبارک باد قبول فرمائیں، آپ کا انتخاب نیپال میں سیاسی تبدیلی کے عمل میں حالیہ جمہوری فوائد کو مزید فعال بنانے اور ادارے میں اہم سنگ میل کی نمائندگی کرتا ہے۔

مجھے پختہ یقین ہے کہ آپ کی دانشمندانہ قیادت اور رہنمائی نیپال میں استحکام اور ترقی کو مزید مضبوط بنانے اور ممکنہ وسیع اتفاق رائے کی بنیاد پر ایک نئے آئین کے نفاذ کیلئے ماحول کو فروغ دینے اور آپ کی قوم کے لوگوں کے تمام طبقوں کی مرضی کی عکاسی کرے گی۔

I-91, Lubna House, Batla House, Jamia Nagar New Delhi-110025, Ph:26982149,26985681

WORLD'S NO-1-URDU NEWS AGENCY

ہندوستان نیپال کے ساتھ اپنے تعلقات کو سب سے زیادہ اہمیت دیتا ہے۔ زندگی کے ہر شعبے میں ایک منفرد رشتہ اور گہرے روابط کے ساتھ قریبی پڑوسیوں کے طور پر ہماری قسمت قریب سے جڑی ہوئی ہے لہذا اہم ہندوستانی نہ صرف استحکام، جمہوریت اور خوشحالی کے لئے نیپال کے عوام کی خواہشات کا اشتراک کرتے ہیں، بلکہ نیپال کے لوگوں اور انکی حکومت کی طرف سے انکے مقاصد پورے کرنے کی کوششوں میں ہماری حمایت ثابت قدم رہے گی۔ اس لئے ہم اپنے خطے اور لوگوں کے فوائد کے لئے دونوں ممالک کے درمیان اس شراکت داری کو مزید گہرا بنانے کیلئے بدستور کام کریں گے۔

آپ جب کہ اپنے ملک کی تاریخ کے اہم موڑ پر نیپال کے اعلی عہدے پر فائز ہو رہے ہیں میں آپ کی کامیابی، صحت امن و امان اور نیپال کے عوام کی خوشحالی کے لیے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہوں۔

میں اس موقع پر آپ کو اپنی سہولت کے اعتبار سے ہندوستان کا دورہ کرنے کی پُر جوش دعوت دیتا ہوں۔

نئی دہلی،

11 فروری، 2014